انڈیا INS INDIA
WORLD'S NO-1-URDU NEWS AGENCY

اسلامی جمہوریہ افغانستان کے نائب صدر کے انتقال پر وزیر اعظم کا تعزیتی پیغام

نئی دہلی:9 مارچ (آئی این ایس انڈیا)

بہت دکھ کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ مجھے افغانستان کے پہلے نائب صدر، مارشل فہیم کے انتقال کی خبر ملی ہے۔ وہ ایک بہادر اور نڈر فوجی کمانڈر تھے، جن کے تعاون کو تین دہائیوں کی جنگ اور جدوجہد کے بعد افغانستان کے استحکام اور تعمیر نو کے لئے ہمیشہ یاد کیا جائے گا۔ مارشل فہیم ہندوستان کے ایک قریبی دوست بھی تھے۔ ہم ہندوستان اور افغانستان کی اسٹریٹجک شراکت اور اسے مضبوط بنانے کے لئے ان کی ذاتی شراکت کو کبھی نہیں بھول پائیں گے۔ ہم مارشل فہیم کے خاندان کو دکھ کی اس گھڑی میں میں اپنے نقصان کو برداشت کرنے کی طاقت اور صبر دینے کے لئے خدا سے دعا کرتے ہیں۔

نئی دہلی،

9مارچ،2014

I-91, Lubna House, Batla House, Jamia Nagar New Delhi-110025, Ph:26982149,26985681